ہفتہ وار میلہ مویشی منڈی پیلا پتھر میں ۱۴ مارچ سے شروع ہوگا

رپورٹ: ثمینہ رشید

پیلا پتھر (پ ر) 5 مارچ: ضلع کونسل پیلا پتھر کے زیر اہتمام ہفتہ وار میلہ مویشی منڈی 14 مارچ سے شروع ہوگا۔ منڈی ہر ہفتے جمعہ کے روز لگے گی۔ چیئرمین ضلع کونسل چودھری نذیر احمد بھٹی نے اس کا افتتاح کرنا ہے۔ منڈی کے لیے 12 ایکڑ زمین مختص کی گئی ہے۔ وہاں 1400 مویشی باندھنے کا انتظام ہے۔ پانی کے 6 ٹینک اور بجلی کے عارضی کنکشن فراہم کیے جائیں گے۔ ٹریفک پولیس کی 2 موبائلیں اور 30 اہلکار تعینات ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر پیلا پتھر کیپٹن (ر) عارف جمیل نے کہا کہ منڈی کا ٹھیکہ شفاف طریقے سے دیا جائے گا۔ ٹھیکیدار کو فی جانور 200 روپے سے زیادہ فیس وصول کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ڈی سی نے کہا کہ منڈی کے قریب 3 عارضی بیت الخلا بنائے جائیں گے۔ ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کی گاڑی بھی موجود